# 11432 ـ کسی عورت کو زکاۃ دینا تا کہ وہ گھر خرید کر سرمایہ کاری کر سکے

**سوال**

ايك عورت نے سرمايہ كارى كے ليے چھوٹى سى عمارت خريدى اور اس كى قيمت ميں سے تھوڑى سى رقم اس كے ذمہ باقى ہے، تو كيا اس كى ادائيگى كے ليے اسے زكاۃ دينى جائز ہے، يہ علم ميں رہے كہ اس كا خاوند محتاج اور فقير ہے ؟

**پسندیدہ جواب**

الحمد للہ.

اگر تو اسے اس سرمايہ كارى كى ضرورت ہے اور وہ محتاج ہے، تو پھر اس ميں كوئى حرج نہيں، وگرنہ وہ گھر فروخت كر كے قرض كى ادائيگى كرے.

شيخ محمد بن صالح العثيمين رحمہ اللہ تعالى كا فتوى.